24-10-2024

08.30 Hrs

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ شبانہ رحمان

-------------------------------------------------------------

1 شدید طوفان DANA آج دیر رات اوڈیشہ سے متصل Bhitarkanika اور Dhamra کے درمیان پہنچ جائے گا۔ اوڈیشہ میں سبھی اسکول کالج کَل تک بند کردیے گئے ہیں۔

2 بھارتی ریلویز نے مشرقی ساحل سے متصل ریل خدمات کو تیزی سے بحال کرنے کے لیے 24 گھنٹے کام کرنے والے 9 وار رومس قائم کیے ہیں۔

3 جرمن چانسلر Olaf Scholz، وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ بین حکومتی صلاح مشورے کی مشترکہ طور پر صدارت کے لیے آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ کریں گے۔

4 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلی میں چانکیہ دفاعی مذاکرات کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔

5 جموں و کشمیر پولیس نے اتوار کے گگن گیر حملے میں ملوث دو غیر ملکی دہشت گردوں کی تصویریں جاری کی ہیں۔

6 اور کرکٹ میں:

بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا کرکٹ ٹیسٹ آج سے پونے میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev Odisha Cyclone Dana

شدید سمندری طوفان Dana کے بارے میں زیادہ امید اِس بات کی ہے کہ یہ آج رات دیر گئے یا جمعہ کو صبح سویرے اڈیشہ کے ساحل پر واقع Bhitarkanika اور Dhamra کے درمیان پہنچ جائے گا۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ خطے میں بڑے پیمانے پر اثرات کے ساتھ Dana کے پہنچنے کے دوران ہوا کی رفتار 100 سے 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔ شدید سمندری طوفان Paradip سے 280 کلو میٹر اور اڈیشہ کے ساحل سے متصل Dhamra سے 310 کلو میٹر دور ہے اور یہ خلیج بنگال میں 15 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے بڑھ رہا ہے۔

بہت شدید بارش کے ساتھ Dana طوفان سے اڈیشہ کے کیندر پاڑا، بالاسور اور بھدرک ضلعوں میں واقع Bhitarkanika نیشنل پارک کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

ریاست کے دیگر 9 ضلعوں میں بھی اِس کے اثر سے شدید بارش ہوگی۔ بھوبنیشور میں بیجو پٹنائک بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آنے اور جانے والی تمام فضائی خدمات آج شام پانچ بجے سے کَل صبح تک منسوخ رہیں گی۔

ساحلی علاقوں کے نشیبی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا ہے۔ کَل تک سبھی اسکول، کالج، یونیورسٹیاں اور کئی سرکاری اداروں کو بند کردیا گیا ہے۔ ماہی گیروں کو سمندر میں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C-Prakash Dash

اونچی لہروں اور شدید طوفانی ہواؤں کے ساتھ آج صبح سے اڈیشہ ساحل سے متصل خلیج بنگال میں موسم خراب ہے۔ بالاسور، بھدرک، کیندر پاڑا، جگت سنگھ پور اور Puri سمیت کئی ساحلی ضلعوں میں بارش شروع ہوگئی ہے۔ اڈیشہ کے بیشتر حصوں میں بادل چھائے ہوئے ہیں کیونکہ شدید سمندری طوفان Dana آج رات اڈیشہ کے ساحل پر پہنچ جائے گا۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج شام سے اڈیشہ ساحل کے نزدیک بارش اور طوفانی ہواؤں کی رفتار میں اضافہ ہوگا، جبکہ امید ہے کہ ساحل کے نزدیک دو سے تین میٹر تک اونچی لہریں اٹھیں گی۔ ریاستی سرکارنے مختلف ضلعوں میں سمندری طوفان کے کنٹرول کرنے کیلئے وار رومس کھولے ہیں۔

حکومت نے نشیبی علاقوں میں رہنے والی 90 فیصد آبادی کو منتقل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور آج اور کل 40 سے زیادہ پروازیں اور تقریباً 200 ٹرینیں منسوخ کردی ہیں۔ اڈیشہ حکومت شدید سمندری طوفان سے نمٹنے کیلئے سبھی اقدامات کررہی ہے۔

بھونیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر

Raildays DANA

شدید طوفان DANA کے پیش نظر جس کے اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحل پر پہنچنے کا امکان ہے۔ 24 گھنٹے کام کرنے والے9، War Rooms قائم کیے گئے ہیں تاکہ مشرقی ساحل پر ریڈ الرٹ کے تناظر میں ریل خدمات کو فوری طور پر بحال کیا جا سکے۔

اس سلسلے میں، فیصلہ متعلقہ زونل ریلویز کے ذریعے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کی قیادت میں ایک میٹنگ میں کیا گیا، جس میں ایسٹ کوسٹ ریلوے اور ساؤتھ ایسٹرن ریلوے بھی شامل تھے۔

وزیر موصوف نے اس سلسلے میں تیاریوں کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔ انھوں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ مسافروں کو کم سے کم پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے، نہایت احتیاط برتنے کا بھی مشورہ دیا۔

German Chancellor India

جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz ساتویں بین حکومتی صلاح مشورے IGCکیلئے آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ شروع کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور چانسلر Scholz کَل بین حکومتی صلاح مشورے کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ بین حکومتی صلاح مشورہ IGC، مجموعی حکومت کا ایک طریقہٴ کار ہے، جس کے تحت دونوں ممالک کے وزراء اپنے اپنے متعلقہ شعبوں کے حوالے سے تبادلہٴ خیال کرتے ہیں اور اُن کے نتائج سے وزیر اعظم اور چانسلر کو آگاہ کیا جاتا ہے۔

دونوں رہنما، اِس موقع پر باہمی بات چیت بھی کریں گے، جس میں سکیورٹی، دفاعی تعاون بڑھانے، معاشی تعاون کو وسعت دینے اور ابھرتی ہوئی و کلیدی ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون اور گرین و پائیدار شراکت داری پر تبادلہ شامل ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ دونوں رہنما جرمن کاروبار کی اٹھارہویں ایشیا بحراکاہل کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔

ایک رپورٹ

V/C- Suparna

جرمن کاروبار سے متعلق ایشیا بحرالکاہل کانفرنس جرمنی کے کاروباری رہنماؤں، سیاسی نمائندوں کے علاوہ ایگزیکٹو اور بھارت-بحرالکاہل ملکوں کیلئے دو سال میں ایک مرتبہ ہونے والی میٹنگ ہے۔ توقع ہے کہ اس میٹنگ سے دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور کاروباری رشتوں کو مزید تقویت حاصل ہوگی۔ اس میٹنگ میں جرمنی، بھارت اور دیگر ملکوں کے تقریباً 650 اعلیٰ کاروباری رہنما اور CEOs کی شرکت متوقع ہے۔ یوروپی یونین میں اپنے کلیدی رول کو دیکھتے ہوئے جرمنی یوروپ میں بھارت کا سب سے اہم شراکت دار ہے۔ بھارت دوسری جنگ عظیم کے بعد جرمنی کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے والا ملک ہے۔ بھارت اور جرمنی زراعت، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کی اپلی کیشن

نیز شہری نقل وحمل کے ترقی کے پائیدار شعبوں میں بھی تعاون کررہے ہیں۔جرمنی میں دو لاکھ سے زیادہ بھارتی نژاد لوگ ہیں۔ اِن غیرمقیم بھارتیوں میں زیادہ تر پیشہ ور افراد، محققین، سائنسداں، کاروباری افراد، نرسز اور طلبہ شامل ہیں۔

نئی دلی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔۔۔۔۔

PM - BRICS Address

وزیراعظم نریندر مودی، روس کے شہر کزان میں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کے بعد نئی دلی لوٹ آئے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم نے کزان میں سولہویں برکس سربراہ کانفرنس کے موقعے پر چین کے صدر Xi Jinping، روس کے صدر ولادیمیر پوتن اور ایران کے صدر مسعود Pezeshkian کے ساتھ باہمی میٹنگیں کیں۔ جناب مودی نے ازبیکستان کے صدر شوکت میر ضیایف اور متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے ساتھ بھی دوطرفہ میٹنگیں کیں۔

چینی صدر کے ساتھ اپنی میٹنگ کے دوران وزیراعظم مودی نے بھارت اور چین کے درمیان اختلافات اور تنازعات کو مناسب طریقے سے حل کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اِن کی وجہ سے امن اور سکون کی صورتحال متاثر نہیں ہونی چاہئے۔ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈروں نے اِس بات کی توثیق کی کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم، پیشگوئی کے قابل اور پُرامن باہمی تعلقات کا علاقائی اور عالمگیر امن اور خوشحالی پر مثبت اثر پڑے گا۔

کزان میں میٹنگ کے بارے میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے بتایا کہ یہ میٹنگ ایک ایسے وقت ہوئی ہے کہ جب تنازعے کی صورتحال سے پیچھے ہٹنے اور گشت کئے جانے سے متعلق اتفاقِ رائے ہوا ہے اور اُن معاملات کے حل کی جانب بڑھے ہیں، جو 2020 میں بھارت اور چین کے سرحدی علاقوں میں پیش آئے تھے۔

اس سے پہلے وزیراعظم نے برکس ملکوں سے کہا کہ وہ دہشت گردی اور دہشت گردوں کی مالی معاونت سے نمٹنے کیلئے متحد رہیں اور قریبی تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی سنگین معاملے پر دوہرا معیار نہیں ہونا چاہیے۔ کزان میں 16ویں برکس سربراہ کانفرنس کے اختتامی مکمل اجلاس کے موقع پر جناب مودی نے نوجوانوں کے مابین بنیاد پرستی کی روک تھام کیلئے سرگرم اقدامات اٹھائے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔

PM Mann KI Baat

وزیراعظم نریندر مودی 27 اکتوبر کو آکاشوانی پر ”من کی بات“ پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 115واں نشریہ ہوگا۔

عوام ٹول فری نمبر

ایک آٹھ، صفر صفر، ایک ایک، ساتھ آٹھ، صفر صفر

کے ذریعے پروگرام کے لیے اپنے خیالات اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ اور MyGov اوپن فورم کے ذریعے آن لائن بھی اپنی تجاویز بھیج سکتے ہیں۔

آئندہ نشریے کے لیے تجاویز اس مہینے کی 25 تاریخ تک موصول کی جائیں گی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rajnath Chanakya

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلی میں، اپنے اہم بین الاقوامی سمینار، ”چانکیا دفاعی مذاکرات“ کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ وزیر موصوف، بھارتی فوج کی گرین پہل ایک پوائنٹ صفر اور مصنوعی ذہانت کے ڈیجیٹائزیشن ایک پوائنٹ صفر کا آغاز کریں گے۔ وزیر دفاع، ترقی اور سکیورٹی کیلئے بھارت کے وژن اور Viksit Bharat @2047 کے حصول میں جامع سکیورٹی کی اہمیت کی ضرورت سے متعلق کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔ چیف آف دی آرمی اسٹاف جنرل اوپیندر دیویدی بھی سامعین سے خطاب کریں گے اور آتم نربھر بھارت کے ہم آہنگ اقدامات سمیت ملک کی تعمیر کیلئے بھارتی فوج کی اہم خدمات کو اجاگر کریں گے۔

دو روزہ تقریب میں پالیسی سازوں، کلیدی مفکرین، ماہرین تعلیم، دفاعی عملے، ریٹائرڈ فوجیوں اور سائنسدانوں کے علاوہ امریکہ، روس، اسرائیل اور سری لنکا کے ممتاز مقررین بھی مذاکرات میں شرکت کریں گے۔

Foreign Terrorists

جموں و کشمیر پولیس نے گاندربل ضلعے میں واقع کارکنوں کے کیمپ پر اتوار کو ہوئے دہشت گردانہ حملے میں ملوث دو  غیر ملکی دہشت گردوں کی تصویریں جاری کی ہیں۔

یہ فوٹو اُن CCTV کیمرے کے ذریعے ریکارڈ کیے گئے فوٹیج سے تیار کیے گئے ہیں، جو کیمرے گاندربل کے گگن گیر علاقے میں کیمپ کے اندر نصب تھے۔

اِس سے پہلے پولیس نے بتایا تھا کہ دو غیر ملکی دہشت گرد گگن گیر علاقے میں شام کے وقت ورکروں کے کیمپ میں داخل ہوئے تھے اور انھوں نے غیر مسلح بے قصور Civilians پر اندھا دھند فائرنگ کی تھی۔ اِس بزدلانہ حملے میں چھ غیر مقامی ورکروں اور ایک مقامی ڈاکٹر سمیت سات افراد ہلاک جبکہ چار دیگر زخمی ہوگئے تھے۔ تفتیش کاروں نے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں 40 سے زیادہ لوگوں سے پہلے ہی پوچھ تاچھ کی۔

سینئر افسر کی سربراہی میں NIA کی ایک ٹیم نے بھی دہشت گردانہ حملے کی جگہ کا دورہ کیا اور وہاں سے کچھ اہم سراغ حاصل کیے۔

JMM List

جھارکھنڈ مکتی مورچہ (JMM) نے پانچ امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے اب تک 41 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔Chamra Linda کو جو پچھلے لوک سبھا انتخابات کے دوران پارٹی کے باغی امیدوار تھے، Bishunpur اسمبلی حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔

Jharkhand Election

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات سے پہلے NDA اور I.N.D.I.A کے درمیان الزامات اور جوابی الزامات کا سلسلہ تیز ہوگیا ہے۔ BJP جھارکھنڈ انتخابات کے ساتھی انچارج Himanta Biswa Sarma نے الزام عائد کیا ہے کہ ہیمنت سورین حکومت ریاست میں بنگلہ دیشی اور روہنگیہ کی دراندازی کے لیے ذمہ دار ہے اور یہ انتخابات جھارکھنڈ کو بچانے کے لیے ہیں۔

دوسری جانب وزیراعلیٰ اور JMM کے ایگزیکیوٹیو صدر ہیمنت سورین نے کہا ہے کہ BJP ان کے پارٹی رہنماؤں کو جال میں پھنسا رہی ہے اور ترقی کے نام پر لوگوں کو گمراہ کررہی ہے۔

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کَل آخری دن ہے۔

پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے اب تک 225 امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔ پہلے مرحلے کی پولنگ 13 نومبر کو جبکہ دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

Abdullah Met

جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبد اللہ نے کَل نئی دلی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر کے وزیراعلیٰ بننے کے بعد جناب عمر عبداللہ کی مرکزی وزیر داخلہ کے ساتھ یہ پہلی میٹنگ تھی۔

Former Akashvani DG

آکاشوانی نیوز کے سابق ڈائریکٹر جنرلPK Bandyopadhyay کا کَل انتقال ہوگیا۔ دِل کا دورہ پڑنے کے بعد انھوں نے کَل کولکاتہ میں آخری سانس لی۔ انڈین انفارمیشن سروس کے سابق افسر ڈاکٹر Bandyopadhyay نے آکاشوانی نیوز، پریس انفارمیشن بیورو اور اطلاعات و نشریات وزارت کے مختلف اداروں میں طویل اور بے مثال خدمات انجام دیں۔

FM RADIO ACUCTION

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل موروگن نے اعلان کیا ہے کہ اُن کی وزارت نے تمل ناڈو کے 11 شہروں میں نئے پرائیویٹ FM ریڈیو اسٹیشن کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ فی الحال اِن شہروں میں پرائیویٹ FM اسٹیشن نہیں ہیں۔

FM ریڈیو اسٹیشن کی توسیع سے متعلق ڈاکٹر موروگن نے کہا کہ ملک بھر میں 234 نئے پرائیویٹ FM اسٹیشن کیلئے بولیاں 14اکتوبر سے شروع ہوگئی ہیں، جس میں تمل ناڈو میں 11 شہروں میں اِن پرائیویٹ اسٹیشنوں سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے ریڈیو کی مقبولیت کیلئے وزیراعظم مودی کے من کی بات پروگرام کو سبب قرار دیا۔

Sitaramn US Tour

وزیر خزانہ نے کَل رات امریکہ کے واشنگٹن ڈی سی میں عالمی بینک اور IMF کی سالانہ میٹنگوں کے موقعے پر آفات سے متعلق لچکدار بنیادی ڈھانچے پر گول میز کانفرنس کی صدارت کی۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران محترمہ سیتارمن نے بنیاڈی ڈھانچے کیلئے آب و ہوا سے پیدا ہونے والے خطرات میں اضافے سے ترقیاتی فوائد کو نقصان پہنچنے کے خطرے پر زور دیا۔

NIRMALA SITARAMAN-0815

وزیر خزانہ نے عالمی بینک کے صدر اجے Banga سے بھی ملاقات کی۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ دونوں نے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا، جن میں توانائی کا تحفظ، کثیر مقصدی ترقیاتی اصلاحات شامل ہیں۔

Turkya Attack

ترکی میں گزشتہ روز انقرہ کے نزدیک ترکش ایئراسپیش انڈسٹریز TUSAS ہیڈکوارٹر پر ہوئے ایک حملے میں کم از کم پانچ افراد ہلاک اور 22 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ سکیورٹی فورسز نے اس حملے کے دوران دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

کسی بھی گروپ نے اس حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے، لیکن ترکی کے وزیر دفاع Yasar Guler نے کہا ہے کہ ملی ٹینٹ Kurdistan Workers Party یا PKK اس حملے میں ملوث ہوسکتی ہے۔ PKK کو ترکی، یوروپی یونین اور امریکہ کی طرف سے ایک دہشت گرد تنظیم کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔

جوابی کارروائی میں ترکی کی فضائیہ نے عراق اور ملک شام میں کُرد ملی ٹینٹ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور ہوائی حملے میں 30 سے زیادہ ملی ٹینٹ کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا۔

World Skills Winners

ہنرمندی کے فروغ اور صنعت کاری کے مرکزی وزیر جینت چودھری، ایک مقابلے میں WorldSkills-2024 کے فاتحین کی غیرمعمولی حصولیابیوں کیلئے آج اُن کی عزت افزائی کریں گے، جو کہ پچھلے ماہ فرانس میں منعقد ہوا تھا۔ بھارت نے مختلف زمروں میں کانسے کے چار تمغے جیت کر فرانس کے Lyon میں WorldSkills-2024 میں عالمی سطح پر شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

India NZ Test

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ آج پونے کے مہاراشٹر کرکٹ ایسو سی ایشن اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے نو بجے شروع ہورہا ہے۔ روہت شرما کی قیادت میں بھارت، بنگلورو میں پہلا ٹیسٹ میچ ہارنے کے بعد سیریز میں واپسی کی کوشش کرے گا۔ میزبان بھارت فی الحال تین میچوں کی سیریز میں ایک-صفر سے پیچھے ہے۔

نیوزی لینڈ نے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں 1988 کے بعد بھارت میں پہلا ٹیسٹ جیت کر تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید حقانی

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے روس میں ہوئی برکس کانفرنس کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس کے علاوہ انقلاب نے وزیراعظم جناب نریندر مودی کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ''بھارت جنگ کا حامی نہیں اور بات چیت سے مسئلے کا حل نکالا جانا چاہیے''۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے برکس کانفرنس میں بھارت اور چین کے درمیان پانچ سال بعد ہوئے مذاکرات کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس کے علاوہ کئی اخباروں نے کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی کے وائناڈ لوک سبھا سیٹ سے ضمنی چناؤ کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کئے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس اور روزنامہ ملاپ نے اڈیشہ اور مغربی بنگال میں سمندری طوفان دانا کے سبب ریاستی حکام کے ہائی الرٹ پر ہونے اور اڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی کی کابینہ میٹنگ بلائے جانے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا کے مطابق دلی کی ہوا انتہائی خراب زمرے میں پہنچ گئی ہے۔ اسی اخبار کے مطابق بنگلہ دیش میں عوام پھر سڑکوں پر۔ اب ملک کے صدر شہاب الدین کو عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کررہے ہیں۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 شدید طوفان DANA آج دیر رات اوڈیشہ سے متصل Bhitarkanika اور Dhamra کے درمیان پہنچ جائے گا۔ اوڈیشہ میں سبھی اسکول کالج کَل تک بند کردیے گئے ہیں۔

2 بھارتی ریلویز نے مشرقی ساحل سے متصل ریل خدمات کو تیزی سے بحال کرنے کے لیے 24 گھنٹے کام کرنے والے 9 وار رومس قائم کیے ہیں۔

3 جرمن چانسلر Olaf Scholz، وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ بین حکومتی صلاح مشورے کی مشترکہ طور پر صدارت کے لیے آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ کریں گے۔

4 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلی میں چانکیہ دفاعی مذاکرات کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔

5 جموں و کشمیر پولیس نے اتوار کے گگن گیر حملے میں ملوث دو غیر ملکی دہشت گردوں کی تصویریں جاری کی ہیں۔

6 اور کرکٹ میں:

بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا کرکٹ ٹیسٹ آج سے پونے میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------